تبصرے

The Pakistan Issue مرتبہ نذیر یار جنگ بہادر تقطیع متوسط ضخامت ۱۵۹ صفحات
ٹائپ جلی اور روشن۔ گردپوش خوبصورت۔ قیمت ۱۲/ پتہ:۔ شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور۔

یہ دراصل اس خط وکتابت کا مجموعہ ہے جو پاکستان کے سلسلہ میں ڈاکٹر سید عبد اللطیف اور مولانا ابو الکلام آزاد۔ پنڈت جواہر لال نہرو۔ گاندھی جی۔ مسز نیڈو۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد، اور مسٹر محمد علی جناح کے درمیان ہوئی۔ اگرچہ اس کتاب کو پڑھکر پاکستان کے متعلق کوئی صحیح تخیل توپھر بھی قائم نہیں ہوتا۔ البتہ ایک سیاسیات کے طالب علم کے لئے اس کتاب کا مطالعہ اس حیثیت سے مفید اور کارآمد ہوگا کہ اس سے پاکستان کا ابتدائی تخیل، پھر درجہ بدرجہ اس کا ارتقار، اور اس کے مختلف گوشے سامنے آجاتے ہیں۔ اور ان پر غور کرنے کا موقع ملتاہے۔ ڈاکٹر عبد اللطیف، جہاں تک کہ پاکستان کے اجمالی تصور کا تعلق ہے، مسٹر جناح سے متفق ہیں۔ بلکہ ان کا دعویٰ تو یہ ہے کہ وہ ہی اس کے بانی بھی ہیں۔ لیکن جزئی تفصیلات وتنقیحات میں دونوں میں بہت کافی اختلاف ہے جو بڑھتے بڑھتے آخرکار ڈاکٹر صاحب کی مایوسی اور ناکامی پر منتج ہوا۔ کتاب دلچسپ اور لائق مطالعہ ہے۔

The Meaning of Pakistan. ازجناب ایف۔کے خاں درانی۔
تقطیع متوسط۔ ضخامت ۲۲۷ صفحات۔ ٹائپ جلی اور روشن۔ قیمت ۱۲/ پتہ:۔ شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور۔

آج پاکستان کی پکار سے ہندوستان کا گوشہ گوشہ گونج رہاہے لیکن اگر یہ دریافت کیا جائے کہ پاکستان ہے کیا؟ اس کی عملی شکل کیا ہوگی؟ تو اس سوال کا جواب دینے کی ہمت